سنڌي معلم

سنڌي ادبي بورڊ

سندھی معلم

سندھی معلم

(TEACH YOUR SELF SINDHI)

مُصنّف :

ڈاکٹر غلام علی الانا

سندھی ادبی بورڈ

جامشورو / حیدرآباد سندھ

پاکستان

طبع اول　　سال ۱۹۸۴ع　　اشاعت ۲۰۰۰

قیمت: تیس روپے
[Price: Rs. 30-00]

SINDHI MUALIM
--a Useful book to acquire working
knowledge of Sindhi language through
the medium of urdu.
by: Dr. Ghulam Ali Allana.

Published by: Sindhi Adabi Board
Jamshoro/Hyderabad,
Sind, Pakistan.
First Edition 1984.

Printed by Mian Allah Bachayo Yusufzai at Sindhi Adabi Board's Printing Press, Tilak Incline, Hyderabad Sind, and Published by Ghulam Rabbani A. Agro Secretary, the Sindhi Adabi Board, Hyderabad Sind, Pakistan.

انتساب

سندھ کے سپوت، بین الاقوامی شہرت کے عالم و مؤرخ
عزت مآب مرحوم پیر حسام الدین شاہ راشدی کے نام
جن کی شخصیت میرے نزدیک قابل صد احترام ہے۔

فہرست

سبق نمبر	عنوان	صفحہ
	جنس مذکر	۱۲
	مذکر سے مؤنث بنانے کے کچھ دیگر اصول	۱۴
۳-	عدد	
	(الف) مؤنث اسماء کے عدد بنانے کے اصول	۱۷
	(ب) مذکر اسماء کے عدد بنانے کے اصول	۱۹
۴-	حالتیں	۲۱
	(i) حالت فاعلی	۲۱
	(ii) حالت مفعولی	۲۲
	(iii) حالت جار	۲۳
	(iv) حالت اضافت	۲۴
	عام حالت یا حالت تغیری (Oblique case)	۲۵
	(v) حالت ندا	۳۴
تیسرا-	**حروف جار**	**۳۵**
	(الف) حروف جار کی فہرست اور ان کا جملوں میں استعمال	۳۵
	(ب) ظرف بصورت حروف جار	۳۶
	(ج) مرکب حروف جار اور ان کا جملوں میں استعمال	۳۶
	(د) (i) سندھی زبان کے نحوی ساخت میں حروف جار کا کردار	۳۶
	(ii) 'جو' حرف جار	۳۷
	مشق	۳۸
چوتھا-	**ضمیر**	**۳۹**
	(i) ضمیر خالص	۳۹
	متکلم	۴۰
	حاضر	۴۱
	غائب	۴۱
	(ii) ضمیر اشارہ	۴۳

سبق نمبر	عنوان	صفحہ

سبق نمبر	عنوان	صفحہ

سبق نمبر	عنوان	صفحہ

سبق نمبر	عنوان	صفحہ
۲-	جملوں کے اقسام	۱٦۲
	(الف) مفرد جملے	۱٦۲
	(ب) مرتب جملے	۱٦۲
	(ج) مرکب جملے	۱٦۳
۳-	بیان کے لحاظ سے جملوں کی تقسیم	۱٦۳
	(الف) بیانی جملے	۱٦۴
	(ب) سوالیہ جملے	۱٦۴
	(ج) انکاری جملے	۱٦۵
	(د) سوالی انکری جملے	۱٦۷
	(ھ) تعجب والے جملے	۱٦۷

حصہ دوم (ضمیمے)

ضمیمہ	عنوان	صفحہ
اول	مصدروں کی فہرست	۱۷۱
دوم	روزمرہ کے استعمال کے الفاظ	۱۷۳
سوم	رشتہ داروں کیلئے الفاظ	۱۷۹
چہارم	گھریلو اور روزمرہ کے استعمال کی چیزیں	۱۸۱
	(الف) کپڑے	۱۸۱
	(ب) گھر کا سامان	۱۸۲
	(ت) کھانے کی چیزیں اور مصالحے	۱۸۳
	(ث) جسم کے اعضا	۱۸۴
	(ج) ترکاریوں کے نام	۱۸۵
	(ح) پھلوں کے نام	۱۸٦
	(خ) جانوروں اور کیڑے مکوڑوں کے نام	۱۸۷
	(د) جانوروں کے بچے	۱۸۸
	(ر) پرندوں کے نام	۱۸۹

ضمیمہ	عنوان	صفحہ

تعارف

ڈاکٹر غلام علی الانا ہمارے ملک کے معروف ماہر لسانیات اور سندھی زبان و ادب کی ایک اہم شخصیت ہیں۔ ان کے علمی کارناموں سے سندھی زبان و ادب کو بیش بہا فائدہ پہنچا ہے لیکن یہ تازہ کتاب ہمارے لئے کئی حیثیتوں سے اہم اور وقیع ہے۔ اول اس بناء پر کہ یہ قومی زبان میں لکھی گئی اور اس اعتبار سے اردو کے ذخیرۂ علمی میں گراں قدر اضافہ ہے۔ دوسرے اس لئے کہ ڈاکٹر الانہ نے قومی یکجہتی کے لئے اردو زبان کو وسیلۂ اظہار بنایا ہے۔ ان کا یہ اقدام ایک خوشگوار حیرت کے علاوہ ہمیں یہ احساس بھی دلاتا ہے کہ قومی یکجہتی کے لئے مقامی مفادات سے بلند تر ہوکر بھی سوچا جا سکتا ہے۔

مجھے ان کی یہ کوشش اس لئے بھی اچھی لگی کہ انہوں نے سندھی آموزی کے لئے کسی دوسری صوبائی زبان کو اختیار کرنے کے بجائے قومی زبان کو اختیار کیا۔ اور اس طرح یہ بین الصوبائی وسیلہ آزماکر دوسری صوبائی زبانوں کو بھی آئینہ دکھایا ہے۔ اس سے بالواسطہ فائدہ قومی زبان ہی کو پہنچے گا اور امید ہے وہ بعد بھی دور ہوجائے گا جسے ہوا دے کر بعض مفاد پرست طبقے قومی زبان اور ملک کی دوسری مقامی زبانوں کے درمیان نفرت کے بیج بوتے رہتے ہیں۔

ڈاکٹر الانہ کا یہ کارنامہ اس لئے بھی قابل ستائش ہے کہ لسانی سطح پر افہام و تفہیم کا راستہ دکھا کر انہوں نے ہمارے علمی حلقوں کو صحیح سمت سے آشنا کیا۔

یہ کتاب ہمیں سندھی زبان کے صوتی اور صرفی و نحوی نظام سے روشناس کراتی ہے۔ اور اس خیال کو تقویت دیتی ہے کہ قومی زبان اور سندھی کے درمیان گہرا ربط پایا جاتا ہے۔ دونوں زبانیں اپنی نوعیت اور ساخت کے اعتبار ہی سے ایک دوسرے کے قریب نہیں بلکہ ذخیرہ الفاظ اور دیگر امور میں بھی ایک وحدت کی طرف اشارہ کرتی ہیں اور بعض مقامات پر تو یہ فرق محض لہجے کا فرق رہ جاتا ہے جسے ہم صوتی رسم الخط اور غیر صوتی رسم الخط کا فرق بھی قرار دے سکتے ہیں۔ یہ قرب لسانی یقیناً ملی تشخص میں ممد و معاون ہوسکتا ہے۔

اردو میں تذکیر و تانیث کا مسئلہ خاصا پیچیدہ رہا ہے، اس سے ادبی سطح پر دہلی اور لکھنو کے درمیان اختلافات رونما ہوئے۔ برصغیر کے دوسرے حصوں میں بھی روزمرہ اور محاورہ کی حدود سے گزر کر تذکیر و تانیث کے مسائل موشگافیوں کا سبب بنتے رہے ہیں، حالانکہ ہر علاقہ میں تذکیر و تانیث کا آخری فیصلہ بول چال ہی کے حوالے سے ہوا ہے۔ اگر ہم ان مسائل کو صحیح تناظر میں دیکھنے کی کوشش کریں تو ڈاکٹر الانہ کی اردو میں بھی تذکیر و تانیث کا فیصلہ تو بہرحال بول چال ہی کے حوالے سے ہوگا۔ الانہ کی اردو مقامی سرچشموں سے فائدہ اٹھاتی ہے تو یہ اردو کے باب میں ایک نیک فال ہے اور اس بات کا بین ثبوت بھی کہ قومی زبان میں زندہ رہنے کی صلاحیت موجود ہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ زبانیں اپنے فطری عمل ہی سے زندہ رہتی ہیں اور قومی زبان کی زندگی کا انحصار بھی اسی پر ہے کہ یہ کس حد تک بول چال کے قریب ہے۔ سنسکرت کی مثال ہمارے سامنے ہے کہ جب اس کا رشتہ بول چال سے کٹ گیا تو وہ مردہ زبان ہوگئی۔ اردو کو پاکستان میں ایک زندہ اور فعال زبان کے طور پر برقرار رہنے کے لئے مقامی زبانوں سے اپنا تعلق قائم رکھنا ہوگا۔ اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ ہم اس احساس کو زندہ رکھیں کہ اردو کے دریچے تازہ ہوا کے لئے کھلے رہیں گے اور یہ سب کچھ، ایک فطری عمل کے طور پر ہوگا کسی بندھے ٹکے منصوبے یا شعوری کوشش سے نہیں۔

پاکستان میں اردو چالیس برس میں کچھ سے کچھ ہوگئی ہے۔ ہم اس تبدیلی کا اقرار جس قدر جلد کرلیں قومی زبان کے حق میں اچھا ہوگا۔ ڈاکٹر الانہ کی اردو مجھے اسی لئے عزیز ہے اور ان کی یہ ادا عزیز تر کہ انہوں نے بالآخر قومی زبان کو اس کا جائز مقام دلانے کا ارادہ کرلیا ہے اور قومی زبان کے نفاذ کی جنگ میں وہ ہمارے ساتھ شریک ہوں گے۔ اردو کو ایسے ہی بہی خواہوں کی ضرورت ہے۔

وحید قریشی

11 جنوری 1984

صدر نشین مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد

پیش لفظ

وادیء سندھ قدیم زمانے سے علم و ادب اور تہذیب و تمدن کا گھوارہ رہی ہے۔ سرزمین سندھ کے ریگزار نے ایسے ایسے نایاب موتی پیدا کئے ہیں جن کی چمک و دمک رہتی دنیا تک قائم رہے گی اور یہ بھی مانی ہوئی حقیقت ہے کہ کوئی بھی علاقہ تہذیب و تمدن اور علم و دانش میں اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا جب تک اس علاقے کے پاس اپنی ترقی یافتہ زبان نہ ہو۔

سندھی زبان بھی علم و ادب کا ایک خزانہ لیے ہوئے ہے۔ اس میں شاہ لطیف کے معرفت میں ڈوبے ہوئے اشعار، سچل سرمست کی رسیلی اور صوفیانہ کافیاں، سامی اور دلپت کے ویدانتی خیالات اور ثابت علی شاہ کے درد و غم سے پُر مرثیے اور بیدل کی کیفیات قلب ہیں۔

وادیء مہران کی زبان میں دریائے سندھ کی موجوں کی روانی ہے، ماروی کے لازوال حبِ وطن کا ذکر ہے، سسئی کے دل کا سوز و گداز ہے، باگھل بائی سومری کی عزتِ نفس ہے اور کھیرتھر پہاڑی کی پختگی اور بلندی ہے۔

اس کتاب "سندھی معلم" کے لکھنے کا مقصد بھی کچھ یہ ہی ہے کہ جن لوگوں نے ہجرت کرکے پاکستان کی اس سرزمین کو اپنا وطن بنا لیا ہے وہ اس علاقے کی زبان سے واقفیت حاصل کریں تاکہ یہاں رہنے والے سب لوگ ایک دوسرے کو سمجھیں اور ملکر اس زمین کو گل و گلزار بنائیں، یہ تحریک بہت پہلے شروع ہونی چاہیے تھی، لیکن ابھی بھی وقت ہے۔

اس کتاب لکھنے سے پہلے میں کراچی ٹیلیویژن پر "اردو-سندھی بول چال" کے عنوان سے سندھی زبان سکھاتا تھا۔ میرے پروگراموں اور درس کو وہ کراچی کے رہنے والے جن کی مادری زبان سندھی نہیں تھی، بڑے اشتیاق سے دیکھا کرتے تھے اور سندھی زبان سیکھتے تھے۔ کراچی میں گھومتے پھرتے کبھی کبھی مجھ سے ملنے والے لوگ مجھ سے سندھی زبان میں بات کرنا شروع کرتے تھے، اور ثبوت دیتے تھے کہ وہ میرے

درس کو باقاعدگی سے سنتے ہیں اور اسی کی مدد سے سندھی زبان سیکھنے کی کوشش کرتے تھے، لیکن یہ کورس مکمل نہیں ہوسکا۔

انہی دنوں سندھی ادبی بورڈ کے فاضل سیکریٹری محترم غلام ربانی آگرو نے مجھے بورڈ کے چیئرمن عزت مآب مخدوم محمد زمان صاحب "طالب المولیٰ" کا پیغام پہنچایا، جس میں مخدوم صاحب نے یہ خواہش ظاہر کی تھی کہ میں اردو زبان میں ایک ایسی کتاب لکھوں جس کی مدد سے وہ حضرات جن کی مادری زبان سندھی نہیں ہے، آسانی کے ساتھ بذریعہ اردو سندھی زبان سیکھ سکیں۔

میرے لیے قبلہٖ مخدوم صاحب جیسی شخصیت کا حکم باعثِ فخر اور باعثِ مسرت تھا، کیونکہ اس نیک اور اہم کام کیلئے میرا انتخاب کیا گیا تھا، میں نے ٹیلیویژن پر دیے ہوئے تمام اسباق کو سامنے رکھا۔ اس کے علاوہ میں نے "Teach Yourself Languages" سلسلے کی کتابیں بھی پڑھیں، میرے اس مطالعے اور ٹیلیویژن پر دیے ہوئے اسباق کا ثمر "سندھی معلم" کے نام سے آپ حضرات کے ہاتھوں میں موجود ہے۔ میں نے ہرممکن کوشش کی ہے کہ اس کتاب میں روزمرہ استعمال میں آنے والی آسان زبان استعمال کروں۔

اس کتاب میں سندھی قواعد کے ہرموضوع پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ سندھی زبان کے لفظوں اور جملوں کی ساخت کو سامنے رکھا گیا ہے۔ سندھی زبان کے اسموں کی گردانوں، ان کے عدد و جنس اور حالت کے ساتھ گردان کرنے کے اصولوں کو وضاحت سے اور مثالوں کے ساتھ سمجھایا گیا ہے۔ اسی طرح فعلوں کی گردانوں پر بھی وضاحت سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ سندھی زبان سیکھنے کیلئے ایسی گردانوں کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ اسی طرح حروف جار، ضمائر، صفتوں اور ظرفوں پر بھی علم نحو کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔ میں نے ہرطرح یہ کوشش کی ہے کہ سندھی زبان، لسانیات کے جدید اصولوں پر سکھائی جائے۔ اگر یہ کتاب مفید رہی تو میں سمجھونگا کہ میری محنت رائگاں نہیں گئی۔

آخر میں، میں سندھی ادبی بورڈ کے موجودہ چیئرمن اور میرے محسن و اُستاد علامہ غلام مصطفیٰ قاسمی کا ممنون ہوں جنہوں نے بورڈ سے یہ کتاب چھپوانے کی منظوری لی۔ میں سندھ کے ایک عظیم روحانی پیشوا، شاعر، ادیب اور صوفی بزرگ عالیجناب مخدوم محمد زمان 'طالب المولیٰ' کا ممنون ہوں، جنہوں نے مجھے

خدمت کا موقعہ دیا۔ میں سندھی ادبی بورڈ کے سیکریٹری جناب غلام ربانی آگرو کا بھی ممنون ہوں، جن کی کوششوں سے یہ کتاب شایع ہوئی۔ میں سید ظفر حسن، سابق سیکریٹری سندھی ادبی بورڈ کے احسانات کو بھول نہیں سکتا جن کے زمانے میں یہ کتاب پریس میں چھپنے کو گئی۔ میں جناب اللہ بچایو یوسف زئی مئنیجر سندھی ادبی بورڈ پریس کا بھی شکرگذار ہوں جن کی نوازش سے یہ کتاب بالاآخر منظر عام پر آئی۔

میں نے یہ کتاب جناب سید حسام الدین شاہ راشدی سے والہانہ محبت اور عقیدت کی وجہ سے ان کی زندگی میں اُن کے نام منسوب کی تھی اور یہ بات میں نے پیر صاحب سے بھی راز میں رکھی تھی لیکن یہ راز اُن کی زندگی میں ظاہر نہ ہو سکا، اور پیر صاحب ہم سے جدا ہوگئے، خداوندکریم اُن کو اپنی جوار رحمت میں رکھے۔

اسلام آباد
۲۱-۱۰-۱۹۸۳ع

سندھی زبان کا خادم
ڈاکٹر غلام علی الانا

حصہ اول

پہلا سبق

١- سندھی کے حروف تہجی۔

(الف) سندھی زبان میں کل ٥٢ حروف تہجی ہیں جن میں سے ٣٣ حروف تہجی اردو اور سندھی میں مشترک ہیں، ١٢ حروف ایسے ہیں جو صوتی لحاظ سے تو اردو جیسے ہیں لیکن شکل و صورت کے لحاظ سے مختلف ہیں۔ سات حروف جو خالص سندھی ہیں، صوتی اور تحریری دونوں لحاظ سے اردو سے مختلف ہیں یا جنہیں ٹھیٹھ سندھی کے حروف کہنا چاہیے۔ ذیل میں سب سے پہلے سندھی کے کل حروف تہجی لکھے ہوئے ہیں۔ اس کے بعد سندھی-اردو کے مشترک حروف اور پھر سندھی کے اردو سے مختلف حروف اور خالص سندھی حروف کے چارٹ دیے گئے ہیں۔ یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ سندھی اور اردو زبانوں میں حروف کے ملانے کا طریقہ یکساں ہے اس لیے اسکی وضاحت ضروری نہیں ہے۔

(ب) **سندھی حروف تہجی۔**

ا ب ٻ ڀ ت ٿ ٽ ٺ ث پ ڦ ج ڄ جھ ڃ چ ڇ ح خ د ڌ ڏ ڊ ڍ ذ ر
ڙ ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ڪ ک گ ڳ گھ ڱ ل م ن ڻ و ھ ء ي

(ج) **سندھی اور اردو کے مشترک حروف۔**

ا ب ت ث پ ج جھ چ ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق گ
گھ ل م ن ھ و ء ی۔

(د) سندھی کے وہ حروف جو صوتی لحاظ سے اردو جیسے ہیں، لیکن تحریر میں مختلف ہیں۔

سندھی صورت	اردو صورت	سندھی صورت	اردو صورت
ٻ	بھ	ٽ	ٹ
ٿ	تھ	ٺ	ٹھ
ڦ	پھ	ڌ	دھ
ڇ	چھ	ڊ	ڈ
ڙ	ڑ	ڍ	ڈھ
ڪ	ک	ک	کھ

(۴) خالص سندھی کے حروف۔

ٻ ڏ ڃ ڳ ڻ ڄ ڱ

[ٻ]- ب اور ٻ کا مخرج ایک ہے۔ یہ دونوں دو لبی (Bilabial) آوازیں ہیں۔ [ب] اور [ٻ] کے تلفظ میں فرق اتنا ہے کہ [ب] کے تلفظ کے دوران سانس ہونٹوں سے باہر نکالتے ہیں۔ اس لیے اسکو دھماکیدار (Explosive یا Plosive) آواز کہتے ہیں۔ لیکن [ٻ] کی آواز کے تلفظ کے وقت ہونٹ ملاکر سانس کو اندر حلق کی طرف لے جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے [ٻ] کو سندھی زبان میں چسکارے والی آواز یعنی Implosive آواز کہا جاتا ہے۔

[ڄ]- ج اور ڄ کا مخرج ایک ہے یعنی سخت تالو (hard palate) ہے۔ لیکن دونوں آوازوں میں فرق یہ ہے کہ [ب] کی آواز کی طرح [ج] کی آواز کے تلفظ کے دوران سانس منہ سے باہر نکالتے ہیں، اس لیے [ب] کی طرح [ج] بھی Plosive آواز ہے۔ لیکن [ڄ] کے تلفظ کے دوران سانس کو [ٻ] کی تلفظ کی طرح اندر حلق کی طرف لے جایا جاتا ہے، اور اسے بھی چسکاری والی آواز یعنی Implosive آواز کہا جاتا ہے۔

[ڏ]- [ڏ] اور [د] کا مخرج ایک ہے۔ دونوں میں فرق یہ ہے کہ [د] Plosive آواز ہے اور [ڏ] چسکارے والی یعنی Implosive آواز ہے۔

[ڳ]- [ڳ] اور [گ] کا مخرج نرم تالو (Velum یا Soft palate) ہے۔ [گ] Plosive آواز ہے اور [ڳ] چسکارے والی یعنی Implosive آواز ہے۔

[ڱ]- [گ] اور [ڱ] کا مخرج ایک یعنی نرم تالو ہے۔ [ڱ] کے تلفظ کے وقت سانس کو ناک اور منہ سے ایک ساتھ نکالا جاتا ہے۔ اس لیے [ڱ] کو ناکی (غنائی) آواز (Nasal sound) کہا جاتا ہے۔ اردو زبان میں یہ آواز موجود ہے لیکن لکھی نہیں جاتی۔ مثال کے طور پر:

تلفظ	لکھی ہوئی آواز
آڱلی	آنگلی

[ڻ = نْ] (ڑون) یہ آواز نکالتے وقت زبان تالو کی طرف الٹی مڑ جاتی ہے۔ تلفظ کے وقت سانس کو منہ اور ناک سے ایک ساتھ نکالا جاتا ہے۔ اسی لیے اسکو بھی ناکی آواز (Nasal sound) کہا جاتا ہے۔

[ڃ]- [ڃ، ڄ اور ج] کا مخرج سخت تالو ہے۔ [ج اور ڃ] میں فرق یہ ہے کہ

[ج] کے تلفظ کے وقت سانس کو صرف مُنہ سے نکالا جاتا ہے، اور ناک کی نالی کا مُنہ بند رہتا ہے، لیکن [ڃ] کے تلفظ کے وقت سانس ناک اور مُنہ سے ایک ساتھ نکالتے ہیں اس وجہ سے [ڃ] غنّائی (انفی) یا ناکی آواز ہے۔

(و) سندھی زبان کی یہ خاص آوازیں مندرجہ ذیل الفاظوں میں پائی جاتی ہیں:

آواز	سندھی صورت	اردو صورت	ترجمہ
ٻ	ٻه	ٻہ	دو
	ٻارُ	ٻارُ	بچہ
	ٻلي	ٻِلي	بلی
	ٻڪري	ٻکري	بکری
ڄ	ڄارُ	ڄار	جال
	ڄمون	ڄَمون	جامن
	سڄو	سَڄو	سارا
ڏ	ڏُکُ	ڏُکھ	دکھ
	ڏندَ	ڏندَ	دانت
	ڏينهن	ڏیہں	دن
	هڏو	ہڏو	ہڈی
ڳ	ڳاڙهو	ڳاڑھو	سرخ
	راڳ	راڳ	راگ
	ڀاڳ	بھاڳ	مقدر
ڻ (ڻ)	وَڻُ	وَڻُ (وڑن)	درخت
	اَچڻُ	اَچڻُ (اچ ڑن)	آنا
ڃ	وَڃ	وَڃ	جا
	ڄڃَ	ڄڃَ	بارات
	مڃَ	مڃَ	مونج
	ڱ	آڱُر	انگلی
	سڱ	سِڱ	سینگ
	رڱ	رَڱ	رنگ

۲۔ مصمتے (Consonants) اور مصوتے (Vowels)

(الف)۔ مندرجہ بالا سندھی آوازوں کے بیان کے بعد ضروری ہے کہ سندھی زبان کے مصوتوں (Vowles) کا مطالعہ کیا جائے۔

سندھی زبان میں دس مصوتے ہیں (۱)، مثلاً:

اَ، آ، اِ، اِي، اُ، اُو، اي، اَي، او، اَو

لفظوں کو تحریری صورت میں نمایاں کرنے کے لیے یہ اہم کردار ادا کرتے ہیں، مثلاً:

مصوت	لفظ	ترجمہ
اَ	ٻلا	بلا
اِ	ٻابا	بابا
اُ	ٻلي	بلی
اِي	ٻليي	بلی
آ	آٺ	اونٹ
اوُ	سُوري	سُوری
اي	ٻيٽ	بیٹ
اَي	خَيرُ	خیر
او	چور	چور
اَو	خَوفُ	خوف

---

۱) یہ بحث جدید لسانیات کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ اردو میں انہیں یوں بیان کیا جاتا ہے (مع مثال):

اَ (زبر) مَل — ے (یائے مجہول) میل

آ (الف) مال — اُ (پیش) مُل

اِ (زیر) مِل — اوٗ (واؤ مجہول) موٗل

اِي (یائے معروف) میل یائے معروف کی یہ علامت کھڑا زیر سندھی میں اسکے برعکس یای مجہول کے لیے آتی ہے۔

ےَ (یائے لین) میل (ما قبل مفتوح)

اُو (واؤ معروف) موُل

وَ (واؤ لین) مَول (ما قبل مفتوح)

(ب) جدید لسانیات کے مطابق سندھی مصوتوں کو چھوٹے (Short) اور لمبے (Long) قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ان کی تقسیم اس طرح ہوگی:

چھوٹے مصوتے (Short Vowels)	لمبے مصوتے (Long Vowels)
اَ	آ
اِ	اِي
اُ	اُو
	اےي
—	ايَ
-	او
	اوَ

ان میں سے اَ آ، اِ اِي اور اُ اوٗ تین جوڑ ہیں، جن میں اَ کا طویل جوڑ آ، اِ کا طویل جوڑ اِی۔ اور اُ کا طویل جوڑ اُو ہے۔

۳۔ تنوین:

سندھی اور اردو زبانوں میں تنوین کے استعمال میں کوئی فرق نہیں؛ مثلاً۔

سندھی	اردو
مثلاً	مثلاً
اتفاقاً	اتفاقاً

۴۔ تشدید:

مشدد حروف پر شد کا استعمال دونوں زبانوں میں یکساں ہے۔ مثلاً:

سندھی	اردو
مُحمّد	مُحمّد
اللّٰہ	اللّٰہ

۵۔ جزم:

سندھی اور اردو میں ساکن حروف پر جزم دی جاتی ہے، جیسا کہ:

سندھی	اردو
ھلْڪو	ہلْکا
عِلْمُ	عِلْم

٦ـــ نون غنہ:

اردو زبان میں نون غنہ میں (سالم لکھنے کی صورت میں) نقطہ نہیں لگایا جاتا، لیکن سندھی زبان میں نون غنہ میں بھی نقطہ دیا جاتا ہے؛ جیسا کہ:

سندھی	اردو	ترجمہ
آهِين	آہیں	ہو
آهِين٘	آہِیں٘	وہ ہیں
چَوِين ٿو	چَوِیں تھو	تم کہتے ہو
سان	سان	سے، ساتھ
سانِ	سانِ	سانڈ

دوسرا سبق

اجزائے کلام

۱۔ اسم:

سندھی زبان میں بولنے کے الفاظ (Parts of speech) آٹھ ہیں: **اسم، صفت، ضمیر، فعل، ظرف، حرف جار، حرف عطف اور حرف ندا۔** ان میں سے ہر ایک کی وضاحت آئندہ صفحات میں کی جائے گی۔

یہ نکتہ ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ سندھی زبان میں ہر لفظ کسی نہ کسی مصوتے (Vowel) پر ختم ہوتا ہے؛ یعنی سندھی زبان میں لفظ کا آخری حرف ساکن نہیں ہوتا، جبکہ اردو زبان میں ایسا نہیں ہوتا۔ اردو زبان میں لفظ کا آخری حرف ساکن ہوتا ہے؛ مثلاً:

سندھی	اردو
قَلَمُ	قَلَمْ
ڪِتابُ	کتابْ
چَنڊُ	چاندْ
گهَرُ	گھَرْ

سندھی کے اسماء کی فہرست ضمیمۂ اول میں ملاحظہ فرمائیے۔

۲۔ جنس (Case)

سندھی زبان میں اسم کی دو جنسیں ہوتی ہیں۔ جنس مذکر اور جنس مؤنث۔ وہ اسم عام، اسم خاص، جو تذکیر ظاہر کرتے ہیں ان کو اسم مذکر کہا جائے گا۔ اور وہ اسماء عام و خاص جو تانیث دکھائیں گے ان کو اسم مونث کہا جائے گا۔ سندھی میں تذکیر اور تانیث کو سمجھنے کے لیے مندرجہ ذیل اصول مدنظر رکھے جاتے ہیں:

(i) اسم کے آخری اعراب سے تذکیر و تانیث کا پتا چلتا ہے؛ مثال کے طور پر:

جنس مؤنث:

(الف) وہ اسم جن کی آخر میں ـَـ (زبر) اعراب آتا ہے، جنس مؤنث ہوتے ہیں؛ جیسا کہ:

سندھي صورت	اردو صورت	ترجمہ
زالَ	زالَ	عورت
ميزَ	مَيزَ	ميز
جِنسَ	جِنسَ	جنس
کَلَ	کَھلَ	کھال
زمينَ	زمينَ	زميں
کَٽَ	کَھٹَ	چارپائی
اُميدَ	اُميدَ	اُميد

ان اسماء ميں سے چند کا جملوں ميں استعمال ملاحظہ فرمائيے:

سندھي	اردو	ترجمہ
هيءَ ميزَ آهي	ہيءَ ميزَ آہے	يہ ميز ہے
هيءَ کَٽَ آهي	ہيءَ کھٹَ آہے	يہ چارپائی ہے

(ب) (i)۔ سندھی زبان کے وہ اسماء جن کے آخر ميں "آ" اعراب آتا ہے، جنس مؤنث ہوتے ہيں، مثلاً:

سندھي صورت	اردو صورت	ترجمہ
هوا	ہوا	ہوا
بَلا	بَلا	بَلا
دَوا	دَوا	دوائی
خطا	خَطا	خَطا
دُنيا	دُنيا	دُنيا

(ii) ان اسماء ميں سے کچھ کا استعمال جملوں ميں ديکھئے:

سندھي	اردو	ترجمہ
دوا پيءِ	دَوا پی	دوائی پيو
اما دُعا ڪر	اما دعا کر	اَمّاں دعا کرو
هوا گَرم آهي	ہوا گرم آہے	ہوا گرم ہے

(iii) البتہ سندھی کے اسماء کی چند ايسی مثاليں بھی ملتی ہيں، جن کے آخر ميں

"آ" اعراب پایا جاتا ہے، لیکن وہ جنس مذکر ہیں۔ ایسی چند مثالیں مستثنیٰ قرار دی گئی ہیں؛ مثلاً:

سنڌي	اردو	ترجمہ
راجا	راجا	راجا
ديوتا	ديوتا	ديوتا

(ت) (i) سندھی زبان کے وہ اسماء جن کے آخر میں "اِ" اعراب آتا ہے، جنس مؤنث ہیں؛ مثلاً:

سنڌي	اردو	ترجمہ
اکِ	اکھ	آنکھ
مکِ	مکھ	مکھی
راتِ	راتِ	رات
دلِ	دلِ	دل
جاء	جاء	جگہ

(ii) ان اسماء سے چند کا جملوں میں استعمال:

سنڌي	اردو	ترجمہ
ھيءَ اکِ آھي	ہیءَ آکھ آہے	یہ آنکھ ہے
راتِ ۾ نہ گھُمُ	رات میں نہ گُھم	رات کو نہ گھوم
دلِ وڏي ڪرِ	دل وڈی کر	دل بڑا کر

سندھی زبان میں لفظ 'سيٺ' (سیٹھ) ایک ایسا مذکر اسم ہے جس کے آخر میں 'اِ' اعراب آتا ہے جو در اصل مؤنث کی علامت ہے؛ اس کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔

(ث) (i) اس طرح وہ اسماء جن کے آخر میں 'اِي' اعراب آتا ہے؛ عام طور جنس مؤنث کی مثالیں ہوتی ہیں؛ مثلاً:

سنڌي	اردو	ترجمہ
ڇوڪري	چھوکری	لڑکی
ٻلي	ٻلی	بلی
پيٽي	پیٹی	صندوق

سندھی	اردو	ترجمہ
راڻي	رانی	رانی
مڇي	مچھی	مچھلی
نيڪي	نیکی	نیکی

(ii) ان اسماء سے چند کا جملوں میں استعمال ملاحظہ فرمائیں:

سندھی	اردو	ترجمہ
هيءَ ڇوڪري آهي	ہیءَ چھوکری آہے	یہ لڑکی ہے
پيٽيءَ ۾ ڪپڙا آهن	پیٹیءَ میں کپڑا آہن	صندوق میں کپڑے ہیں
هميشه نيڪي ڪر	ہمیشہ نیکی کر	ہمیشہ نیکی کرو

(iii) سندھی زبان میں چند ایسی مذکر اسماء بھی ملتے ہیں جن کے آخر میں 'ای' اعراب پایا جاتا ہے۔ ایسی چند مثالوں کو مستثنیٰ قرار دیا جائیگا؛ مثلاً:

سندھی	اردو	ترجمہ
پاڻي	پاݨی	پانی
هاٿي	ہاتھی	ہاتھی
موتي	موتی	موتی
پکي	پکھی	پرندہ
ڌوبي	دھوبی	دھوبی

(iv) ان اسماء کا واحد اور جمع کے صورتوں میں جملوں میں استعمال ملاحظہ فرمائیے:

سندھی: واحد	سندھی: جمع	اردو: واحد	اردو: جمع
هيءُ هاٿي آهي	هي هاٿي آهن	ہیءُ ہاتھی آہے (یہ ہاتھی ہے)	ہیءَ ہاتھی آہن (یہ ہاتھی ہیں)
پکي آڏامي ٿو	پکي آڏامن ٿا	پکھی آڈامے تھو (پرندہ اڑتا ہے)	پکھی آڈامن تھا (پرندے اڑتے ہیں)

جنس مذکر۔

ذیل میں دئیے ہوئے تذکیر کے اصولوں کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے:

(الف) (i) وہ اسماء جن کے آخر میں 'اُ' (پیش) اعراب آتا ہے، عام طور جنس مذکر ہوتے ہیں۔ مثلاً:

سندھی	اردو	ترجمہ
گھرُ	گھرُ	گھر
ھٿُ	ہتھُ	ہاتھ
ٻارُ	ٻارُ	بچہ
کیرُ	کھیرُ	دودھ
مزورُ	مزورُ	مزدور
فقیرُ	فقیرُ	فقیر

(ii) ان اسماء میں سے چند کا جملوں میں استعمال ملاحظہ فرمائیے:

سندھی	اردو	ترجمہ
ھيءُ منھنجو گھرُ آھي	ہیءُ منھنجو گھر آہے	یہ میرا گھر ہے
ٻارُ روئي ٿو	ٻارُ روئے تھو	بچہ روتا ہے

(iii) 'ماءُ'، 'پيٽُ' 'سسُ' اور 'وڄُ' ایسے مؤنث اسماء ہیں جن کے آخر میں 'اُ' (پیش) اعراب آتا ہے، جو مذکر کی علامت ہے۔ ایسی مثالوں کو مستثنيٰ قرار دیا گیا ہے۔

(ب) سندھی زبان کے کچھ اسماء کے آخر میں 'اُو' اور 'اوُں' اعراب آتا ہے، 'اُو' اور 'اوُں' اعراب عام طور پر تذکیر کی نشاندہی کرتے ہیں؛ مثلاً:

سندھی	اردو	ترجمہ
تنبوُ	تنبوُ	خیمہ
ماڻھو	ماڻھو	آدمی
چٽون	چٽوں	طوطہ
ورڇون	ورچھوں	بچھو

(v) کچھ ایسی مثالیں بھی ملتی ہیں جو حالانکہ مؤنث اسماء ہیں، لیکن اُن کے آخر میں 'اُو' یا 'اوُں' اعراب آتے ہیں۔ ایسی مثالوں کو مستثنيٰ قرار دیا جائے گا:

سندھی	اردو	ترجمہ
آبروُ	آبرو	آبرو
ڀوُن	بھوں	زمین
ڳئون	گئوں	گائے

(ت) (i) سندھی زبان کے کچھ الفاظ کے آخر میں 'او' اعراب آتا ہے۔ ایسے الفاظ عام طور مذکر ہوتے ہیں؛ مثلاً:

سندھی	اردو	ترجمہ
ڇوڪرو	چھوکرو	لڑکا
گھوڙو	گھوڑو	گھوڑا
هفتو	ہفتو	ہفتہ
پئسو	پئسو	پیسہ
مٿو	متھو	سر
پردو	پردو	پردہ
نالو	نالو	نام

(ii) اُن میں سے چند اسماء کا جملوں میں استعمال ملاحظہ فرمائیے:

سندھي	اردو	ترجمہ
گھوڙو ڊوڙي ٿو	گھوڑو ڈوڑے تھو	گھوڑا دوڑتا ہے
تنھنجو نالو ڇا آهي؟	تنہنجو نالو چھا آہے	تیرا نام کیا ہے
هي ڇوڪرو ڪير آهي؟	ہی چھوکرو کیر آہے	یہ لڑکا کون ہے

(ث) مذکر سے مؤنث بنانے کے کچھ دیگر اصول۔

سندھی زبان میں مذکر اور مؤنث بنانے کے اور بھی قانون ہیں، مثلاً:

(i) وہ مذکر اسماء جن کے آخر میں 'اُ' اعراب آتا ہے، اُن کا مؤنث بنانے کے لئے 'اُ' کو 'اِ' میں بدلتے ہیں؛ جیسا کہ:

مذکر: سندھی	مذکر: اردو	مذکر: ترجمہ	مؤنث: سندھی	مؤنث: اردو	مؤنث: ترجمہ
اُٺُ	اُٹھُ	اونٹ	اُٺِ	اُٹھِ	اونٹنی
ڪُڪڙُ	کُکڑُ	مرغا	ڪُڪڙِ	کُکڑِ	مرغی
گڏھُ	گڈہُ	گدھا	گڏھِ	گڈہِ	گدھی
ڇوڪرُ	چھوکرُ	لڑکا	ڇوڪرِ	چھوکرِ	لڑکی

(ii) وہ مذکر اسماء جن کے آخر میں 'اَ' اعراب آتا ہے ان کا مؤنث بنانے کے لئے 'اَ' کو 'اِيْ' میں تبدیل کرتے ہیں ؛ مثلاً :

(iii) وہ مذکر اسماء جن کے آخر میں 'او' اعراب آتا ہے ان کا مؤنث بنانے کے لیے 'او' کو 'اِيْ' میں تبدیل کرتے ہیں :

(iv) وہ مذکر اسماء جن کے آخر میں 'آو' اعراب آتا ہے ان کا مؤنث بنانے کے لئے 'آو' کو 'اِيْ' میں تبدیل کرتے ہیں ؛ مثلاً :

(۷) سندھی زبان میں کچھ ایسے اسماء بھی ہیں جن کا مؤنث بنانے کے لیے ان اسماء کے پیچھے 'آڻ' یا 'اِڻ'، 'آڻی' یا 'یاڻی' علامت ملاتے ہیں; مثلاً:

سندھی: مذکر	سندھی: مؤنث	اردو: مذکر	اردو: مؤنث
شينهن+آڻ	شينهڻ	شینہں+آنْ (شیر)	شینہنْ (شیرنی)
اُٺ + اِڻ	اُٺڻ	اُنٹھ +اِنْ (اونٹ)	اُنٹھنْ (اونٹنی)
هاٿي+ اِڻ	هاٿڻ	ہاتھی + اِنْ	ہاتھنْ (ہتھنی)
هندو + آڻي	هندواڻي	ہندو + آنی	ہندوانی (ہندوانی)
فقير + ياڻي	فقيرياڻي	فقیر + یانی (فقیر)	فقیریانی (فقیرنی)
ماستر + ياڻي	ماسترياڻي	ماستر + یانی (ماسٹر)	ماستریانی (ماسٹرنی)
ڊاڪٽر + ياڻي	ڊاڪٽرياڻي	ڈاکٹر + یانی	ڈاکٹریانی (ڈاکٹرنی)

کچھ مذکر اسماء ایسے بھی ہیں جن کے مذکر نر اور مؤنث مادہ کے لحاظ سے بنتے جاتے ہیں؛ مثلاً:

سندھي: مذکر	سندھي: مؤنث	اردو: مذکر	اردو: مؤنث
مڙس	زالَ	مڑس (مرد)	زالَ (عورت)
راجا	راڻي	راجا	رانی (رانی)
پيءُ	ماءُ	پیءُ (باپ)	ماءُ (ماں)
پُٽُ	ڌيءَ	پُٹُ (بیٹا)	دھیءَ (بیٹی)
ڀاءُ	ڀيڻ	بھاءُ (بھائی)	بھین (بہن)
مورَ	ڍيلَ	مور	ڈیہل (مورنی)
گھوٽُ	ڪنوار	گھوٹ (دولھا)	کنوار (دولہن)
ڏڳو	ڏڳي/ڳئون	ڈھگو (بیل)	ڈھگی/گئون (گائے)

۳۔ عدد

سندھی زبان میں اسم کے دو عدد ہوتے ہیں: واحد اور جمع۔ واحد سے جمع بنانے کا مدار اسم کی جنس اور ان کی اعراب پر ہے۔ ذیل میں واحد سے جمع بنانے کے اصول دیے جاتے ہیں:

(الف) (i) وہ مؤنث اسماء جن کے آخر میں 'آ' اعراب آتی ہے، ان کا جمع بنانے کے لیے 'آ' کو 'اؤں' میں بدلتے ہیں؛ مثلاً:

سندھي: واحد	سندھي: جمع	اردو: واحد	اردو: جمع
زالَ	زالئون	زالَ (عورت)	زالئون (عورتیں)
ميزَ	ميزون	میز	میزون (میزیں)
بَندوقَ	بَندوقون	بندوق	بندوقون (بندوقیں)
کَلَ	کَلئون	کَھلَ (کھال)	کھلون (کھالیں)

(ii) وہ مؤنث اسماء جن کے آخر میں 'آ' اعراب آتا ہے ان کا جمع بنانے کے لیے 'اِ' کو 'ائوں' میں تبدیل کیا جاتا ہے، مثلاً:

سندھی: واحد	سندھی: جمع	اردو: واحد	اردو: جمع
هوا	هوائون	ہوا	ہوائوں (ہوائیں)
دوا	دوائون	دَوا	دوائوں (دوائیں)
بلا	بلائون	بلا	بلائوں (بلائیں)
دعا	دعائون	دعا	دعائوں (دعائیں)

(iii) وہ واحد مؤنث اسماء جن کے آخر میں 'ا' اعراب آتا ہے، ان کا جمع بنانے کے لیے 'اِ' کو 'یوں' میں تبدیل کیا جاتا ہے، مثلاً

سندھی: واحد	سندھی: جمع	اردو: واحد	اردو: جمع
اکِ	اکیون	اکھ (آنکھ)	اکھیوں (آنکھیں)
رات	راتیون	رات (رات)	راتیوں (راتیں)
دِلِ	دلیون	دل (دل)	دلیوں (دلیں)
ڀت	ڀتيون	بھت (دیوار)	بھتیوں (دیواریں)

(iv) وہ واحد اسماء جن کے آخر میں 'ای' اعراب آتا ہے، ان کا جمع بنانے کے لیے 'ای' کو 'یوں' میں تبدیل کیا جاتا ہے، مثال کے طور پر:

گھوڙي	گھوڙيون	گھوڑی	گھوڑیوں (گھوڑیاں)
ڪرسي	ڪرسيون	کُرسی	کرسیوں (کرسیاں)
مڇي	مڇيون	مچھی (مچھلی)	مچھیوں (مچھلیاں)

(۲) کچھ اسماء جو حالانکہ مؤنث ہیں لیکن ان کے آخر میں اعراب مذکر جیسے ہوتے ہیں؛ جیسا کہ: ماءُ، ڀيڻُ، سَسُ، وڄُ

سندھی واحد	سندھی جمع	اردو واحد	اردو جمع
ماءُ	مائون، مائرون	ماءُ (ماں)	مائوں، مائروں (مائیں)
ڀيڻُ	ڀيڻون، ڀينرون	بھینُ (بہن)	بھینڑوں، بھینروں (بہنیں)
سَسُ	سسون	سس (ساس)	سسوں (ساسیں)
وڄُ	وڄون	وڄُ (برق)	وچوں (برقیں)

(ب)۔ (i) وہ مذکر اسماء جن کے آخر میں 'اُ' اعراب آتا ہے، اُن کا جمع بنانے کے لئے 'اُ' کو 'اَ' میں تبدیل کیا جاتا ہے؛ مثلاً:

سندھی واحد	سندھی جمع	اردو واحد	اردو جمع
پٽُ	پٽَ	پٹُ (بیٹا)	پٹَ (بیٹے)
ڪتابُ	ڪتابَ	کتابَ	کتابُ (کتابیں)
ٻارُ	ٻارَ	بارُ (بچہ)	بارَ (بچے)
هٿُ	هٿَ	ہتھُ (ہاتھ)	ہتَھ (ہاتھ)
نڪُ	نڪَ	نکُ (ناک)	نکَ (ناکیں)

(ii) وہ واحد مذکر اسماء جن کے آخر میں 'او' اعراب آتا ہے، ان کا جمع بنانے لئے 'او' کو 'آ' میں بدل لیتے ہیں؛ جیسا کہ:

سندھی: واحد	سندھی: جمع	اردو: واحد	اردو: جمع
چوکرو	چوکرا	چھوکرو (لڑکا)	چھوکرا (لڑکے)
گھوڑو	گھوڑا	گھوڑو (گھوڑا)	گھوڑا (گھوڑے)
هفتو	هفتا	ہفتو (ہفتہ)	ہفتا (ہفتے)
میوو	میوا	میوو (میوہ)	میوا (میوے)
کیلو	کیلا	کیلو (کیلا)	کیلا (کیلے)

(iii) سندھی زبان میں 'سیٹ' (سیٹھ) ایک ایسا مذکر اسم ہے جس کے آخر میں 'اِ' اعراب آتا ہے جو عام طور تانیث کی علامت ہے. اس لئے 'سیٹ' (سیٹھ) لفظ جمع کی صورت میں بھی مؤنث کے اصول پر رہتا ہے؛ جیسا کہ:

سندھی: واحد	سندھی: جمع	اردو: واحد	اردو: جمع
سیٹ	سیٹیون	سیٹھ	سیٹھیوں (سیٹھیں)

(iv) سندھی زبان میں کچھ ایسے مذکر اسماء بھی ہیں جن کا جمع بنانے کے لئے، ان کے پیچھے کوئی بھی علامت نہیں ملائی جاتی، اور وہ جمع کی صورت میں بھی اسی حالت میں رہتے ہیں؛ مثلاً:

سندھی: واحد	سندھی: جمع	اردو: واحد	اردو: جمع
هاٿي	هاٿي	ہاتھی	ہاتھی
هاري	هاري	ہاری (کسان)	ہاری (کسانیں)
پکي	پکي	پکھی (پرندہ)	پکھی (پرندے)

ماڻهو	ماڻهو	ماڻهو (آدمی)	ماڻهو (آدمی)
وڇون	وڇون	وڇهون (بچھو)	وڇهون (بچھو)
تنبو	تنبو	تنبو (خیمہ)	تنبو (خیمے)

۴۔ حالتین :۔

سندھی زبان کے صرف و نحو کے ماہروں نے سندھی میں 'آٹھ حالتوں' کا ذکر کیا ہے ؛ وہ ہیں :

(i) حالت فاعلی
(ii) حالت مفعولی
(iii) حالت جار
(iv) حالت اضافت
(v) حالت ندا
(vi) حالت مکانی
(vii) حالتِ آلی
(viii) حالت اوزاری

لیکن استعمال کے لحاظ سے سندھی زبان میں صرف پانچ حالتوں کی مثالیں مل سکتی ہیں ، وہ ہیں :

(i) حالت فاعلی ، (ii) حالت مفعولی (iii) حالت جار ، (iv) حالت اضافت اور (v) حالت ندا .

باقی تین حالتیں : 'حالت مکانی'، 'حالت آلی'، اور 'حالت اوزاری' در اصل حالت جار کی مثالیں ہیں ، جیسا کہ اگلے صفحات میں سمجھایا گیا ہے .

(i) حالت فاعلی

(الف)۔ اسم یا ضمیر جن کے بارے میں فعل کے وسیلے سے کوئی بات کی جائے ، اس کو فاعل کہا جائے گا ، اور اُس کی حالت فاعلی ہوگی .

(ب) حالت فاعلی میں فاعل کے طور استعمال ہونے والے اسماء اور ضمائر کے اعراب میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی ؛ مثلاً :

سندھي	اردو	ترجمہ
چوکرو اچي ٿو	چھوکرو اچے تھو	لڑکا آتا ہے
چوکري لکي ٿي	چھوکری لکھے تھی	لڑکی لکھتی ہے
هوءُ سڀاڻي ايندو	ہو سبھاڻے ایندو	وہ کل آئے گا

(ج) جب فاعل کے ساتھ صفت بھی ہو، تو صفت اپنے موصوف کے ساتھ حالت فاعلی میں عدد اور جنس میں گردان کرتی ہے؛ جیسا کہ:

سندھی	اردو	ترجمہ
ننڍو چوکر اچي ٿو	ننڈھو چھوکر اچے تھو	چھوٹا لڑکا آتا ہے
ننڍي چوکري لکي ٿي	ننڈھی چھوکری لکھے تھی	چھوٹی لڑکی لکھتی ہے

(د) اگر فاعل جمع میں ہو، تو بھی حالت فاعلی میں اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی؛ مثلاً:

مذکر (واحد)	مؤنث (واحد)	مذکر (جمع)	مؤنث (جمع)
چوکرو اچي ٿو	چوکري اچي ٿي	چوکرا اچن ٿا	چوکريون اچن ٿيون
(لڑکا آتا ہے)	(لڑکی آتی ہے)	(لڑکے آتے ہیں)	(لڑکیاں آتی ہیں)
چڱو چوکر لکي ٿو	چڱي چوکري لکي ٿي	چڱا چوکرا لکن ٿا	چڱيون چوکريون لکن ٿيون
(اچھا لڑکا لکھتا ہے)	(اچھی لڑکی لکھتی ہے)	(اچھے لڑکے لکھتے ہیں)	(اچھی لڑکیاں لکھتی ہیں)

(ii) حالت مفعولی:

جملے میں وہ اسم یا ضمیر جس پر فعل کے کام کا اثر ہو یعنی کہ جس پر کام کیا جائے، اس کو مفعول کہتے ہیں؛ اور مفعول کی حالت، مفعولی ہوتی ہے؛ جیسا کہ:

سندھی	اردو	ترجمہ
چوکرو خطُ لکي ٿو	چھوکرو خطُ لکھے تھو	لڑکا خط لکھتا ہے
چوکرو خطَ لکي ٿو	چھوکرو خطَ لکھے تھو	لڑکا خطوط لکھتا ہے

ڇوڪرو چٺي لکي ٿو	چھوکرو چٹھی لکھے تھو	لڑکا چٹھی لکھتا ہے
ڇوڪرو چٺيون لکي ٿو	چھوکرو چٹھیوں لکھے تھو	لڑکا چٹھیاں لکھتا ہے
ڇوڪري خـطُ لکي ٿي	چھوکری خـطُ لکھے تھی	لڑکی خط لکھتی ہے
ڇوڪري خـطَ لکي ٿي	چھوکری خـطَ لکھے تھی	لڑکی خطوط لکھتی ہے
ڇوڪري چٺي لکي ٿي	چھوکری چٹھی لکھے تھی	لڑکي چٹھی لکھتی ہے
ڇوڪري چٺيون لکي ٿي	چھوکری چھٹیوں لکھے تھی	لڑکی چٹھیاں لکھتی ہے

(iii) **حالت جار:-**

(الف) آئندہ صفحات میں حرف جار کے بارے میں تفصیل سے بتایا گیا ہے۔ سندھی زبان میں عام حروف جار میں سے چند یہ ہیں۔

سندھي	اردو	ترجمہ	سندھي	اردو	ترجمہ
کي	کھے	کو	مان	ماں	سے
تي	تے	پر	کان	کھاں	سے
۾	میں	میں	تان	تاں	پر سے
جو	جو	جو	تائين	تائیں	تک
جي	جی	کی	سان	ساں	ساتھ
جا	جا	کے	ساڻ	ساڻ	ساتھ

(ب) سندھی زبان میں حروف جار ہمیشہ اسم، ضمیر، صفت اور ظرف کے فوراً بعد آتے ہیں۔ وہ اسماء اور ضمائر وغیرہ جن کے پیچھے حروف جار آیا ہو، اُن کی حالت جاریہ ہوگی؛ مثلاً:

سندھي	اردو	ترجمہ
ڇوڪريءَ کي ڪتاب ڏي	چھوکریءَ کھے کتاب ڈے	لڑکی کو کتاب دو
هٿَ تي ڇا آهي؟	ہتھ تے چھا آہے؟	ہاتھ پر کیا ہے؟
کيسي ۾ پنج روپيا آهن	کھیسے میں پنج روپیا آہن	جیب میں پانچ روپئے ہیں
گهرَ مان نڪري وڃ	گھر مان نیکری وج	گھر سے نکل جاؤ
مون کان وڏو آهي	مون کھاں وڈو آہے	مجھ سے بڑا ہے

(ج) حروف جار کے استعمال میں، اس کے آگے آئے ہوئے اسماء اور ضمائر وغیرہ کی صورت بدل جاتی ہے؛ مثلاً:

چوکرو ماني کائي ٿو چوکري کي ماني کارائي چھوکرو مانی کھائے تھو چھوکرے کھے مانی کھاراہ
(لڑکا کھانا کھاتا ہے) (لڑکے کو کھانا کھلاؤ)

مان ماني کان ٿو مون کي ماني کاراء ماں مانی کھاں تھو موں کھی مانی کاراہ
(میں کھانا کھاتا ہوں) (مجھے کھانا کھلاؤ)

ان مثالوں میں 'چوکرو' اور 'چوکري' 'مان' اور 'مون' صورتیں قابل توجہ ہیں حروف جار کے استعمال کی وجہ سے 'چوکرو' بدل کر 'چوکري' ہوتی اور 'مان' بدل کر 'مون' ہوا۔

iv حالت اضافت۔

سندھي زبان میں 'جو' حرف جار ہے، لیکن جب 'جو' یا 'جيي' ملکیت ظاہر کرنے میں استعمال ہو، تب اس کو حرفِ اضافت کہا جاتا ہے۔ 'جو' حرف اضافت اسم یا ضمیر کے بعد آتا ہے۔ اس کے استعمال سے عام حرف جار کے استعمال کی طرح، اسم یا ضمیر وغیرہ کی صورت بدل جاتی ہے۔ ترکیب میں 'جو'، اسماء یا ضمائر کے بعد آتا ہے، ان کی حالت اضافتیہ ہوگی؛ مثلاً:

سندھي	اردو	ترجمہ
چوکري جو ڪتاب	چھوکرے جو کتاب	لڑکے کی کتاب
چوکريءَ جو ڪتاب	چھوکریءَ جو کتاب	لڑکی کی کتاب
چوکرن جو ڪتاب	چھوکرن جو کتاب	لڑکوں کی کتاب
چوکرين جو ڪتاب	چھوکرین جو کتاب	لڑکیوں کی کتاب
هُن جي ٽوپي	ہُن جی ٹوپی	اس کی ٹوپی

جب ملکیت ظاہر کرنے والا اسم جمع میں ہوتا ہے تو حرف اضافت بھی جمع گردان کرتا ہے؛ مثلاً:

عام حالت يا حالت تغيري

(الف) سندھی زبان میں استعمال کے لحاظ سے حالت مفعولی، حالت جار، حالت اضافت، ان تمام کو عام حالت یا حالتِ تغیری (Oblique Case) یعنی تغیری صورت کہا جاتا ہے۔

جب کسی اسم یا ضمیر کے بعد حروف جار آئیں تو ان تمام اسماء اور ضمائر کی حالت عام یا تغیری صورت (Oblique) ہوگی۔

(ب) مطالعے سے واضح ہوا کہ حالت فاعلی کے سوا، حالت تغیری (تغیری صورت) میں فاعل یا مفعول کی شکل یا صورت اصلی نہیں رہتی، بلکہ بدل جاتی ہے؛ مثلاً:

حالت تفیری

مذکر — مؤنث

واحد (مذکر)	جمع (مذکر)	واحد (مؤنث)	جمع (مؤنث)
چوکرڙي کي	چوکرن کي	چوکريءَ کي	چوکرين کي
چوکري جو	چوکرن جو	چوکريءَ جو	چوکرين جو
چوکري کان	چوکرن کان	چوکريءَ کان	چوکرين کان
چوکري ۾	چوکرن ۾	چوکريءَ ۾	چوکرين ۾

اوپر دی ہوئی مثالوں سے واضح ہوتا ہے کہ وہ اسماء جن کے آخر میں 'او' اعراب آتا ہے، حالت تفیری (تفیری صورت) میں واحد کی صورت میں 'او' کے بجائے 'اِ ي' اور جمع میں 'آن' ملاتے ہیں۔ ان اسماء کو جملوں میں ملاحظہ فرمائیے:

حالت فاعلی:

	سندھی	اردو	ترجمہ
مذکر واحد	چوکرو لکي ٿو	چھوکرو لکھے تھو	لڑکا لکھتا ہے
مذکر جمع	چوکرا لکن ٿا	چھوکرا لکھن تھا	لڑکے لکھتے ہیں
مؤنث واحد	چوکري لکي ٿي	چھوکري لکھے تھی	لڑکی لکھتی ہے
مؤنث جمع	چوکريون لکن ٿيون	چھوکریوں لکھں تھیوں	لڑکیاں لکھتی ہیں

حالت تفیری (تفیری صورت)

	سندھی	اردو	ترجمہ
مذکر واحد	چوکري لکيو	چھوکرے لکھیو	لڑکے نے لکھا
مذکر جمع	چوکرن لکيو	چھوکرن لکھیو	لڑکوں نے لکھا
مؤنث واحد	چوکريءَ لکيو	چھوکریءَ لکھیو	لڑکی نے لکھا
مؤنث جمع	چوکرين لکيو	چھوکرین لکھیو	لڑکیوں نے لکھا

(ج) وہ مذکر اسماء جن کے آخر میں 'اَ' اعراب استعمال کیا گیا ہو، حالت تفیری (تفیری صورت) میں 'اَ' اعراب واحد فاعل کی صورت میں 'آ' اور جمع فاعل کی صورت میں 'آن' میں بدلتا ہے؛ مثلاً:

حالت فاعلي (مذکر)		حالت تغیری (مذکر)	
واحد	جمع	واحد	جمع
پُٽُ	پُٽَ	پُٽَ	پُٽنِ
(بیٹا)	(بیٹے)	(بیٹے نے)	(بیٹوں نے)
گھرُ	گھرَ	گھرَ	گھرن
(گھر)	(گھر)	(گھر سے)	(گھروں سے)

اِن اسماء کا جملوں میں استعمال ملاحظہ فرمائیے:

حالت فاعلی

	سندھی	اردو	ترجمہ
مذکر واحد	پُٽُ پڙهي ٿو	پُٽُ پڑھے تھو	بیٹا پڑھتا ہے
مذکر جمع	پُٽَ پڙهن ٿا	پُٽَ پڑھن تھا	بیٹے پڑھتے ہیں

حالت تغیری

	سندھی	اردو	ترجمہ
مذکر واحد	پُٽَ ڪتابُ پڙهيو	پُٽَ کتاب پڑھیو	بیٹے نے کتاب پڑھی
مذکر جمع	پُٽنِ ڪتابُ پڙهيو	پُٽن کتاب پڑھیو	بیٹون نے کتاب پڑھی

سندھی زبان میں ایسی مثالوں میں صفت موصوف کے ساتھ گردان کرتا ہے؛ مثلاً:

حالت فاعلی — مذکر

واحد	جمع
چڱو پُٽُ	چڱا پُٽَ
چڱو پُٽُ	چڱا پُٽَ
(اچھا بیٹا)	(اچھے بیٹے)

حالت تغیری — مذکر

	واحد	جمع
حالت مفعولی:	چڱي پُٽَ	چڱن پُٽن
	چڱے پُٽَ	چڱن پُٽن
	(اچھے بیٹے)	(اچھے بیٹون)
حالت جار:	چڱي پٽ کي	چڱن پُٽن کي
	چڱے پُٽُ کھے	چڱن پُٽن کھے
	(اچھے بیٹے کو)	(اچھے بیٹون کو)
حالت اضافت:	چڱي پٽ جو	چڱن پٽن جو
	چڱے پُٽَ جو	چڱن پٽن جو
	(اچھے بیٹے کا)	(اچھے بیٹوں کا)

(د) مؤنث کے گردان۔

وہ مؤنث اسماء جن کے آخر میں 'آَ' یا 'آُ' اعراب آتے ہیں، حالت تفیری میں اُن کا آخری اعراب 'آَ' واحد صورت میں نہیں بدلتا، لیکن جمع میں، جمع کی علامت 'اون' کے بجائے حالت تفیری کی 'اُنِ' ملاتے ہیں، مثال کے طور پر:

حالت فاعلی — مؤنث — واحد	حالت فاعلی — مؤنث — جمع	حالت تفیری — مؤنث — واحد	حالت تفیری — مؤنث — جمع
کَٽَ	کَٽون	کَٽَ	کَٽُنِ
کَھٽَ (کھاٹ)	کھٽون	کَھٽَ (کھاٹ)	کَھٽُنَ (کھاٹوں)
		کَٽَ کي	کَٽُن کي
		کَھٽَ کھے (کھاٹ کو)	کَھٽُن کھے (کھاٹوں کو)
		کَٽَ جو	کَٽُن جو
		کَھٽَ جو (کھاٹ کا)	کھٽن جو (کھاٹوں کا)
		کَٽَ تان	کَٽُن تان
		کَھٽَ تاں	کھٽن تاں
		(کھاٹوں پر سے)	(کھاٹوں پر سے)
		کَٽَ تائين	کَٽُن تائين
		کَھٽ تائين (کھاٹ تک)	کھٽن تائين (کھاٹوں تک)
هوا	هوائون	هوا	هوائُن
ہوا	ہوائوں (ہوائیں)	ہوا	ہوائن (ہوائوں)
		هوا کي	هوائن کي
		ہوا کھے (ہوا کو)	ہوائن کھے (ہوائوں کو)
		هوا جو	هوائن جو
		ہوا جو (ہوا کا)	ہوائن جو (ہوائوں کا)
		هوا ۾	هوائن ۾
		ہوا میں	ہوائن میں (ہوائوں میں)

(ھ) وہ مؤنث اسماء جن کے آخر میں 'ِ' اعراب آتا ہے، واحد میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی، البتہ حالت تغیری میں واحد صورت میں 'ِ' اصلی صورت میں رہتا ہے، لیکن جمع میں، جمع کی علامت 'یوُن' بدل کر 'یَنِ' ہوجاتا ہے، مثلاً:

اِن اسماء کا جملوں میں استعمال ملاحظہ ہو:

حالت فاعلي:

مؤنث واحد: ھيءَ ڀت آھي

مؤنث جمع: ھِي ڀِتيون آھِنِ

حالت تغیری

واحد{ ڀِتِ تي چڙھ — ڀِھت تے چڑھ
(دیوار پر چڑھ)

واحد{ ڀِتِ جو نشان ھي آھي بھت جو نشان ہی آہے
(دیوار کا نشان یہ ہے)

واحد: ڀت کان پري بيهه   بھت کھاں پرے بیٹھ
(دیوار سے دور کھڑے رہو)

ڀتين تي چڙهه   بھتین تے چڑھ
ڀتين جو نشان هيءُ آهي بھتین جو نشان ہی آہے
(دیواروں کا نشان یہ ہے)
ڀتيس کان پري بيهه بھتین کھاں پرے بیٹھ
(دیوارں سے دور کھڑے رہو)

(و) وہ مؤنث اسماء جن کے آخر میں 'اِي' اعراب آتا ہے، حالت تغیری واحد میں 'اِي' بدل کر 'اِیءَ' ہو جاتا ہے، اور جمع کی صورت میں 'یوُن' بدل کر 'يُن' ہو جاتا ہے؛ مثلاً:

حالت فاعلي مؤنث واحد	حالت فاعلي مؤنث جمع	حالت تغیری مؤنث واحد	حالت تغیری مؤنث جمع
ڇوڪري	ڇوڪريون	ڇوڪريءَ	ڇوڪرين
چھوکری (لڑکی)	چھوکریوں (لڑکیاں)	چھوکریءَ (لڑکی نے)	چھوکرین (لڑکیوں نے)
ڪرسي	ڪرسيون	ڪرسيءَ	ڪرسين
کرسی	کرسیوں (کرسیاں)	کرسیءَ (کرسی نے)	کرسین (کرسیوں نے)

اِن اسماء کا جملوں میں استعمال اس طرح ہوگا:

حالت فاعلي:

سنڌي	اردو	ترجمہ
واحد: ڇوڪري پڙهي ٿي	چھوکری پڑھے تھی	لڑکی پڑھتی ہے
جمع: ڇوڪريون پڙهن ٿيون	چھوکریوں پڑھن تھیوں	لڑکیاں پڑھتی ہیں۔

حالت تفیری:

	سندھی	اردو	جمع
واحد	چوکريءَ پڙهيو	چھوکریءَ پڑھیو	لڑکی نے پڑھا
	چوکريءَ کي ڪتابُ ڏي	چھوکریءَ کھے کتاب ڈے	لڑکی کو کتاب دو
	چوکريءَ جو ڪتاب کڻُ	چھوکریءَ جو کتاب کھڻُ	لڑکی کی کتاب لو
	چوکريءَ کان پڇ	چھوکریءَ کھاں پُچھ	لڑکی سے پوچھو
جمع	چوکرُين پڙهيو	چھوکرُین پڑھیو	لڑکیوں نے پڑھا
	چوکرين کي ڪتابُ ڏي	چھوکریں کھے کتاب ڈے	لڑکیوں کو کتاب دو
	چوکرين جو ڪتابُ کڻُ	چھوکریں جو کتاب کھڻ	لڑکیوں کی کتاب لو
	چوکرين کان پڇ	چھوکریں کھاں پُچھ	لڑکیوں سے پوچھو

(ز) وہ مؤنث اسماء جن کے آخر والا اعراب 'آ' ہوتا ہے، جیسا کہ 'ماءُ'، 'ڀيڻ' وغیرہ، مذکر کی طرح حالت تفیری واحد صورت میں تبدیل نہیں ہوتا، البتہ جمع کی صورت میں مؤنث والا اعراب 'اُنِ' ملاتے ہیں، مثلاً:

(ح) وہ اسماء جو حالت فاعلی میں، واحد خواہ جمع میں یکساں رہتے ہیں، یعنی ان میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی، حالت تفیری میں، بدل جاتے ہیں، مثال کے طور پر:

ضمائر:- اسماء کی طرح ضمائر بھی حالت فاعلی اور حالت تفیری کے مطابق گردان کرتے ہیں۔ مثلاً:

حالت فاعلی		حالت تفیری	
مذکر اور مؤنث میں کوئی فرق نہیں		مذکر اور مؤنث میں کوئي فرق نہیں	
واحد	جمع	واحد	جمع
مان (میں)	آسین (ہم)	مون (میں)	اسان (ہم)
		مون کي (مجھے)	اسان کي (ہمیں)
		مون ۾ (مجھ میں)	اسان ۾ (ہم میں)
		مون جو/مُنهنجو (میرا)	اسان جو (ہمارا)
		مون تي (مجھ پر)	اسان تي (ہم پر)
		مون کان (مجھ سے)	اسان کان (ہم سے)
تون (تُم)	توهين (آپ)	مون مان (مجھ میں سے)	اسان مان (ہم میں سے)
	اوهين (آپ)	تو تُم نے	توهان/اوهان آپ نے/تم نے
		توکی تمھیں	توهان کي/اوهان کي تمھیں/آپ کو

تو جو/تنهنجو　　توهان جو/اوهان جو
تيرا　　آپ کا
تو تي/تم پر　　توهان تي/اوهان تي
آپ پر
تو کان/تم سے　　توهان کان/اوهان کان
آپ سے
تو مان/تم میں سے　　توهان مان/اوهان مان
آپ میں سے
تو تائين/تم تک　　توهان تائين/اوهان تائين
آپ تک

هيءُ/هوءَ　　هي/هوُ　　هِن/هُن　　هِنن/هُنن
يه / وه　　يه / وه　　اِسے/اُسے　　اِنهونے/اُنهونے
هِن کي/هُن کي　　هِنن کي/هُنن کي
اِس کو/اُس کو　　اِن کو/اُن کو
هِن ۾/هُن ۾　　هِنن ۾/هُنن ۾
اِس میں/اُس میں　　اِن میں/اُن میں
هِن جو/هُن جو　　هنن جو/هُنن جو
اِس کا/ اُس کا　　اِن کا/اُن کا
هِن کان/هُن کان　　هِنن کان/هُنن کان
اِس سے/اُس سے　　اِن سے/اُن سے
هِن مان/هُن مان　　هِنن مان/هُنن مان
اس میں سے/اُس میں سے　　اِن میں سے/اُن میں سے

اِهو　　يه　　اِهي　　يه　　اِنهيءَ　　اِس　　اِنهن　　اُن
اِنهيءَ کي　　اِس کو　　اِنهن کي　　اِن کو
اِنهيءَ ۾　　اِس میں　　اِنهن ۾　　اِن کو
اِنهيءَ جو　　اِس کا　　اِنهن جو　　ان کا
اِنهيءَ کان　　اِس سے　　اِنهن کان　　اِن سے
انهيءَ مان　　اِس میں سے　　اِنهن کان　　اِن میں سے

(i) حالت ندا

حرف ندا کی وصف میں بتایا گیا ہے کہ کسی کو مخاطب کرنے یا کسی اسم کو بلانے کی حالت کو ندا کہا جاتا ہے۔ اس حالت میں حرف ندا کے لفظوں کے علاوہ بولنے میں بھی ایک خاص انداز پیدا کیا جاتا ہے، جن سے حالت ندا بلکل نمایاں ہوجاتی ہے۔

سندھی زبان میں وہ واحد اسماء جن کے آخر میں 'اُ' یا 'آ' اعراب آتے ہیں، حالت ندا کی صورت میں، واحد کو جمع کی صورت میں تبدیل کرتے ہیں؛ مثلاً:

حالت فاعلي		حالت ندا	
واحد	جمع	واحد	جمع
پٽُ بیٹا	پٽَ بیٹے	پٽَ! بیٹے	پٽئو! بیٹو
ٻارُ بچہ	ٻارَ بچے	ٻارَ! بچے	ٻارو! بچو

حالت ندا کے لیے ندائی الفاظ بھی اسم کے آگے استعمال کر کے خاص انداز میں مخاطب کرتے ہیں، مثلاً:

حالت فاعلي		حالت ندا	
ڇوڪرُ	لڑکا	آي ڇوڪرا!	ارے لڑکے
		اڙي ڇوڪرا!	ارے لڑکے
		او ڇوڪرا!	او لڑکے
ڇوڪري	لڑکی	آي ڇوڪري!	اے لڑکی
		اڙي ڇوڪري!	ارے لڑکی
		آئي ڇوڪري!	او لڑکی
خدا		يا خدا!	یا خدا
		آي خُدا!	اے خُدا
		او خُدا!	او خُدا

تیسرا سبق

حروف جار

سندھی زبان میں، اردو کی طرح، جملوں میں حروف جار، اسم، ضمیر، صفت اور ظرف کے بعد، لیکن ان کے ساتھ ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔ بنیادی طرح جو حروف جار استعمال کیئے جاتے ہیں، وہ یہ ہیں:

(الف)۔

سنڌي	اردو	ترجمہ	سندھی	اردو	ترجمہ
تائين	تائیں	تک	تان	تاں	سے
تي	تے	پر	کان	کھاں	سے
کي	کھے	کو	مان	ماں	میں سے
وٽ	وَٹ	پاس	سان	ساں	سے
۾	میں	میں	وٽان	وٹاں	پاس سے
جو	جو	کا	پاران	پاراں	کی طرف سے
لاءِ	لاء	کے لئے			
واسطي	واسطے	کے واسطے	ڌاران	دھاراں	کے سوائے

ان حروف جار کا جملوں میں استعمال ملاحظہ ہو:

جملا	ترجمہ
هن پيت کان هن پيت تائين ڊوڙ.	اس دیوار سے اُس دیوار تک دوڑو
ميز تي ڪتاب آهي.	میز پر کتاب ہے
مون کي ڪتاب ڏي.	مجھے کتاب دو
ڪتاب ۾ تصوير آهي.	کتاب میں تصویر ہے

وڻ وٽ ڪير آهي؟	درخت کے پاس کون ہے؟
تنهنجي لاءِ هر چيز تيار آهي.	تیرے لئے ہر چیز تیار ہے۔
ڀاءُ سان گهمڻ وڃ.	بھائی کے ساتھ گھومنے جاؤ۔
مون سان گهر تائين هَل.	میرے ساتھ گھر تک چل۔

(ب) سندھی زبان میں کچھ ظرف بھی حروف جار کی طرح استعمال ہوتے ہیں؛ جیسا کہ:

سنڌي	اردو	ترجمہ
جيڏو	جیڈو	جتنا بڑا
پاسي	پاسے	کی طرف

(ج) **مرکب حروف جار:**- سندھی زبان میں چند حروف جار ایسے بھی ہیں، جن کو مرکب حروف جار کہا جا سکتا ہے۔ ایسے مرکب حروف جار میں سے کچھ کا پہلا جُز 'جي' (جے) لفظ ہوتا ہے، اور کچھ کا پہلا جُز 'ڪان' (کھاں) لفظ ہوتا ہے؛ ملاحظہ فرمائیے:

سنڌي	اردو	ترجمہ
جي اڳيان	جے اگیاں	کے آگے
جي پٺيان	جے پٹھیاں	کے پیچھے
جي وچ ۾	جے وچ میں	کے بیچ میں
جي سامهون	جے سامھوں	کے سامنے
کان پوءِ	کھاں پوء	کے بعد
کان سواءِ	کھاں سواء	کے سوائے
ڪان اڳ	کھاں اگ	سے پہلے

ان کا استعمال جملوں میں ملاحظہ فرمائیے:

(i) وڏن جي اڳيان خاموش رهو.	بڑھوں کے آگے خاموش رہو۔
(ii) ڇوڪرن جي وچ ۾ ڇوڪري آهي.	لڑکوں کے بیچ میں لڑکی ہے۔
(iii) موڪل ڪان پوءِ سڌو گهر وڃ.	چھٹی کے بعد سیدھا گھر جاؤ۔
(iv) آءٌ (مان) توکان اڳ گهر پهتس.	میں تم سے پہلے گھر پہنچا۔

(د) (i) سندھی زبان کے نحوی ساخت میں حروف جار اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ جب کبھی کسی اسم، ضمیر، صفت یا ظرف کے بعد حروف جار استعمال ہوتا ہے تو اسی

اسم، ضمیر، صفت یا ظرف کی اصلی صورت بدل جاتی ہے۔ ایسی بہت سی مثالیں اسم کی حالتیں بیان کرتے وقت دی گئی ہیں۔ یہاں چند اور مثالیں دی جاتی ہیں:

اسم/ضمير کي صورت	+	حروف جارڪار استعمال	=	بدلي ھوئي صورت
گھرُ	+	۾	=	گھرَ ۾
گھرُ	+	تي	=	گھرَ تي
مان	+	کي	=	مون کي
مان	+	۾	=	مون ۾
مان	+	جو	=	منھنجو (مان=مون+جو)
تون	+	جو	=	تنھنجو (تون=جو)
تون	+	۾	=	تو ۾
اسين	+	۾	=	اسان ۾
ڇوڪرُ	+	کي	=	ڇوڪر کي/ڇوڪري کي
ھيءَ	+	کي	=	ھنَ کي
ھُو چڱو ڇوڪرو	+	کي	=	ھُنَ چڱي ڇوڪري کي
منھنجو پٽ	+	کي	=	منھنجي پُٽ کي
منھنجي ڌيءَ	+	کي	=	منھنجي ڌيءَ کي
اسان جو اسڪولُ	+	۾	=	اسان جي اسڪولَ ۾

(ii) 'جو' حرف جار، جو ذیل کے جملوں میں حرف اضافت کے طور پر استعمال کیا گیا ہے، اس کی گردان ملاحظہ فرمائیے:

تنهنجو گهوڙو	تنهنجا گهوڙا	تنهنجي گهوڙي	تنهنجون گهوڙيون
(تیرا گھوڑا)	(تیرے گھوڑے)	(تیری گھوڑی)	(تیری گھوڑیاں)
توهان جو گهوڙو	توهان جا گهوڙا	توهان جي گهوڙي	توهان جون گهوڙيون
(تمہارا گھوڑا)	(تمہارے گھوڑے)	(تمہاری گھوڑی)	(تمہاری گھوڑیاں)
هِنَ جو گهوڙو	هن جا گهوڙا	هن جي گهوڙي	هن جون گهوڙيون
هُن جو گهوڙو	هُن جا گهوڙا	هن جي گهوڙي	هُنَ جون گهوڙيون
هِنن جو گهوڙو	هِنن جا گهوڙا	هِنن جي گهوڙي	هِنَن جون گهوڙيون
هُنن جو گهوڙو	هُنن جا گهوڙا	هُنن جي گهوڙي	هُنن جون گهوڙيون

سندھي میں ترجمہ کیجئے :-

۱. کھیلنے کے بعد ہم سو گئے ۔
۲. گھر میں کون ہے؟
۳. اسکول سے سیدھے گھر آنا، بیٹے!
۴. اُستاد سے ادب سے پیش آنا ۔
۵. خدا آپ کو سلامت رکھے ۔
۶. اس سبق کا سندھی میں ترجمہ کرو ۔
۷. پانی پر کشتیاں تیرتی ہیں ۔
۸. میں نے تار کے ذریعے اُن کو اطلاع دی ہے ۔
۹. شام تک آجائے گا ۔
۱۰. اُس نے دیوار سے چھلانگ ماری ۔
۱۱. میرے ساتھ کراچی کیوں نہیں گئے؟
۱۲. بھائی سے کتاب لیتے آنا ۔
۱۳. دیوار کے پاس کون کھڑا ہے ۔
۱۴. تو کس لئے آیا ہے؟
۱۵. آپ کی خاطر میں کیا کرسکتا ہوں؟
۱۶. وطن کے لئے ہم جان دے دینگے ۔
۱۷. کس چیز کے لئے آپ کو منع کیا گیا تھا؟
۱۸. سورج مشرق کی طرف سے طلوع ہوتا ہے اور مغرب کی طرف غروب ہوتا ہے ۔

چوتوا سبق

ضمیر

ضمیر اسم کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے۔ سندھی زبان میں ضمیر کی سات قسمیں ہیں:

(i) ضمیر خالص
(ii) ضمیر اشارہ
(iii) ضمیر استفہام
(iv) ضمیر موصول
(v) ضمیر جواب موصول
(vi) ضمیر مشترک
(vii) ضمیر مبہم

سب ضمائر، اسموں اور صفتوں کی طرح گردان کرتے ہیں۔ اس کی تفصیل آئندہ صفحات میں دی جائیگی:

(i) **ضمیر خالص:۔** (الف) ضمیر خالص کو تین قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ضمیر متکلم، ضمیر حاضر اور ضمیر غائب۔ ہر قسم کی دو صورتیں ہیں؛ یعنی واحد اور جمع۔ سوائے ضمیر غائب کے باقی دو قسموں میں تذکیر اور تانیث میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ تینوں اقسام کی مثالیں یہ ہیں:

ضمائر	سندھی	اردو	ترجمہ
متکلم واحد:	مان/آءٌ	مان/آؤ ن	میں
متکلم جمع:	اسین/آسان	اسیں/اساں	ہم
حاضر واحد:	تون	توں	تو
حاضر جمع:	توهین/اوهین	توہیں/اوہیں	} آپ
	توهان/اوهان	توہاں/اوہاں	

ضمائر	سندھی	اردو	ترجمہ
غائب واحد	هِيُ (مذکر)	ہیُ (نزدیک کے لیے)	یہ
	هِيءَ (مؤنث)	ہیءَ (نزدیک کے لیے)	
	هُو (مذکر)	ہُو (دور کے لیے)	وہ
	هُوءَ (مؤنث)	ہُوءَ (دور کے لیے)	
غائب جمع	هِي	ہی (نزدیک کے لیے)	یہ
	هُو	ہُو (دور کے لیے)	وہ

(ب) (i) پہلے بتایا گیا ہے کہ اسماء اور صفتوں کی طرح ضمائر بھی عدد، جنس اور حالت کے مطابق گردان کرتے ہیں۔ ضمیر خالص کا گردان درجہ ذیل ہے:

	متکلم واحد			متکلم جمع		
	سندھی	اردو	ترجمہ	سندھی	اردو	ترجمہ
حالت فاعلی:	مان/آءٌ	ماں/آؤں	میں	اسین	اسین	ہم
عام حالت	مون کي	مون کھے	مجھے/مجھکو	اسان کي	اساں کھے	ہم کو/ہمیں
یا	مون کان	مون کھاں	مجھ سے	اسان کان	اساں کھاں	ہم سے
حالت تغیری:	مون ۾	مون میں	مجھ میں	اسان ۾	اساں میں	ہم میں
	مون تي	مون تے	مجھ پر	اسان تي	اساں تے	ہم پر
	منھنجو	مُھنجو	میرا	اسان جو	اساں جو	ہمارا
	منھنجي	مُھنجی	میری	اسان جي	اساں جی	ہماری

حالت اضافت۔ حروف جار 'کھي'، 'کان'، 'مان'، '۾' اور 'تی' وغیرہ کے استعمال سے، 'مان' کی صورت بدل کر 'مون' ہو جاتی ہے۔ اضافت کی علامت 'جو' کے استعمال سے 'مون' بدل کر 'منھن' ہو جاتا ہے۔

اسی طرح حروف جار کے استعمال سے حاضر واحد 'تون' کی صورت بدل کر 'تو' ہو جاتی ہے، اور 'جو' حرف اضافت کی استعمال سے 'تون' بدل کر 'تنھن' ہو جاتا ہے۔

(ii) ضمیر حاضر کا گردان:-

حالت	حاضر واحد — سندھی	حاضر واحد — ترجمہ	حاضر جمع — سندھی	حاضر جمع — ترجمہ
فاعلی:	تُون	تو	توهين آوهين	آپ
عام یا تفیری	توکي	تجھے، تجھکو	توهان کي توہاں کھے اوهان کي اوہاں کھے	آپکو، تمہیں
	توکان	تجھ سے	توهان کان، توہان کھاں اوهان کان اوہاں کھاں	آپ سے
	تو ۾	تجھ میں	توهان ۾ توہاں میں اوهان ۾ اوہاں میں	آپ میں
	توتي	تجھ پر	توهان تي توہاں تے اوهان تي اوہاں تے	آپ پر
اضافت	تنهنجو	تیرا	توهان جو توہاں جو اوهان جو اوہاں جو	آپ کا
	تنهنجي	تیری	توهان جي توہاں جی اوهان جي اوہاں جی	آپ کی

(iii) ضمیر غائب کا گردان:-

حالت	غائب واحد مذکر — سندھی	غائب واحد مذکر — ترجمہ	غائب جمع مذکر — سندھی	غائب جمع مذکر — ترجمہ
فاعلي	هيءُ هُو	یہ وہ	هي هُو	یہ وہ

	سندهی	ترجمہ	سندهی	ترجمہ
عام یا	هِنَ کي	اِس کو	هِنَنَ کي	اِن کو
تغیری	هُنَ کي	اُس کو	هُنَنَ کي	اُن کو
	هِنَ ۾	اِس میں	هِنَنَ ۾	اُن میں
	هُنَ ۾	اُس میں	هُنَنَ ۾	اُن میں
حالت	هِنَ جو	اِس کا	هِنَنَ جو	اِن کا
اضافت	هُنَ جو	اُس کا	هُنَنَ جو	اُن کا
	هِنَ جي	اِس کی	هِنَنَ جي	اِن کی
	هُنَ جي	اُس کی	هُنَنَ جي	اُن کی

غائب واحد مؤنث — **غائب جمع مؤنث**

حالت	سندهی	ترجمہ	سندهی	ترجمہ
فاعلی	هيءَ	یہ	هيي	یہ
	هوءَ	وہ	هؤ	وہ
عام یا	هِن کي	اِس کو	هِنن کي	اِن کو
تغیری	هُن کي	اُس کو	هُنن کي	اُن کو
	هِن تي	اِس پر	هِنن تي	اِن پر
	هُن ۾	اُس میں	هُنن ۾	اُن میں
	هِن کان	اس سے	هِنن کان	اِن سے

سندهی زبان میں 'ه' آواز اور حروف علت 'ا' میں عام طور تبدیلی پائی جاتی ہے، اسی وجہ سے زیرین سندھ کے لہجے (لاڑی لہجہ) میں 'هيِ' 'هيءَ'، 'هؤ' اور 'هؤءَ' کا 'ه' حذف ہوتا ہے، اور باقي 'ايِ'، 'ايءَ'، 'اؤ' اور 'اوءَ' بولا جاتا ہے. اسی کا اثر معیاري لہجے پر بھی ہے؛ اور معیاری لہجے میں بھی 'هِنَ' اور 'هُنَ' کا 'ه' حذف کر کے باقی 'اِنَ' 'اُنَ' کہا جاتا ہے، اس طرح گردان میں بھی 'اِن کي'، 'اُنَ کي'، 'اِن تي'، 'اُن تي'، 'اِنَ ۾' اور 'اُنَ ۾' کی مثالیں عام طور ملتی ہیں.

ضمیر اشارہ:

(الف) سندھی زبان میں ضمیر غائب واحد، ضمیر اشارہ کے طور بھی استعمال ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے 'ھيءَ'، 'ھيءَ'، 'ھوءَ'، ھوءَ، ھي اور 'ھُءَ' کا گردان نہیں دیا جاتا کیوں کہ ان کے گردان میں کوئی فرق نہیں ہے۔ ان کے علاوہ باقی جو ضمائر ضمیر اشارہ کی صورت میں استعمال ہوتے ہیں، وہ ہیں:

ضمیر اشارہ کی دو قسمیں ہیں: ایک اشارہ نزدیک اور دوسرا اشارہ دور۔ دونوں قسموں کی مثالیں ملاحظہ فرمائیے:

(ب) ان کا گردان ملاحظہ فرمائیے:

	ضمیراشارہ نزدیک واحد مذکر	ضمیراشارہ نزدیک جمع مذکر
حالت فاعلی	اِھو یہ	اِھي یہ
عام حالت یا حالت تفیری	اِنھيءَ کي اسی کو	اِنھن کي انھی کو
	اِنھيءَ ۾ اسی میں	اِنھن ۾ انھی میں
	اِنھيءَ تي اسی پر	اِنھن تي انھی پر
حالت اضافت	اِنھيءَ جو اسی کا	اِنھن جو انھی کا

ضمیر اشارہ نزدیک مذکر 'اِهو' کی مؤنث صورت 'اِها' ہے۔ عام حالت میں 'اِهو' اور 'اِها' کے گردان میں کوئی فرق نہیں۔

ضمیر اشارہ نزدیک اور ضمیر اشارہ دور میں صرف لفظ کے شروع میں حرف علت کا فرق ہے، جیسا کہ:

	ضمیر اشارہ نزدیک				ضمیر اشارہ دور			
	مذکر		مؤنث		مذکر		مؤنث	
حالت	واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع
فاعلی	اِهو (یہ)	اِهي (یہ)	اِها (یہ)	اِهي (یہ)	اُهو (وہ)	اُهي (وہ)	آها (وہ)	آهي (وہ)
عام یا تفیری	انهيءَ کي (اِس کو)	اِنهن کي (اِن کو)	انهيءَ کي (اس کو)	اِنهن کي (اِن کو)	آنهيءَ کي (آس کو)	اُنهن کي (اُن کو)	اُنهيءَ کي (آس کو)	اُنهن کي (اُن کو)
	اِنهيءَ ۾ (اس میں)	اِنهن ۾ (ان میں)	اِنهيءَ ۾	اِنهن ۾	اُنهيءَ ۾	اُنهن ۾	اُنهيءَ ۾	آنهن ۾
	اِنهيءَ تي (اس پر)	اِنهن تي (اس پر)	اِنهيءَ تي	اِنهن تي	اُنهيءَ ۾	اُنهن ۾	اُنهيءَ ۾	اُنهن ۾
اضافت	اِنهيءَ جو / اِنهيءَ جي	اِنهن جو / انهن جيِ	انهيءَ جو / اِنهيءَ جي	اِنهن جو / اِنهيءَ جي	اِنهيءَ جو / انهيءَ جي	اِنهن جو / اِنهن جی	اِنهيءَ جو / اِنهيءَ جي	اِنهن جو / اِنهن جو

(ج) ضمیر اشارہ کی اور صورتیں، جو عام بول چال میں سنی جاتی ہیں، وہ ہیں: اِجهو (مذکر واحد)، اِجها (مؤنث واحد) اور 'اِجهي' (دونو جنسوں میں عدد واحد اور جمع کے لیے)۔ ان کا گردان 'اِهو' اور 'اِها' کی طرح ہے، جیسا کہ:

(iii) ضمیر استفہام :-

(الف) یہ ضمائر سوالیہ جملوں میں کام آتے ہیں۔ اِن ضمائر سے جملوں کو سوالیہ جملہ بنایا جاتا ہے، مثلاً:

سندھی	اردو	ترجمہ
ڪير	کیر	کون
ڪنهن	کنهن	کس نے
ڇا	چھا	کیا
ڇو	چھو	کیوں

اِن ضمائر کا سوالیہ جملوں میں استعمال اِس طرح ہوتا ہے:

مذکر		مؤنث	
واحد	مذکر جمع	واحد	مذکر جمع
ڪير آهي؟	ڪير آهن؟	ڪير آهي؟	ڪير آهن؟
(کون ہے)	(کون ہیں)	(کون ہے)	(کون ہیں)

(ب) 'ڪنهن' کا گردان ملاحظ فرمائیے۔ یہ بتانا ضروری ہے کہ 'ڪنهن' کے مذکر اور مؤنث کے گردان میں کوئی فرق نہیں جیسا کہ:

حالت	عدد واحد		عدد جمع	
فاعلی	ڪنهن	کس	ڪن	کن
عام یا تغیری	ڪنهن کي	کس کو	ڪن کي	کن کو
	ڪنهن ۾	کس میں	ڪن ۾	کن میں
	ڪنهن تي	کس پر	ڪن تي	کن پر
	ڪنهن کان	کس سے	ڪن کان	کن سے
اضافت	ڪنهن جو	کس کا	ڪن جو	کن کا
	ڪنهن جي	کس کی	ڪن جي	کن کی

(ب) 'چا' (چھا) اور 'چو' (چھو) سوال پوچھنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں، لیکن ان کی گردان نہیں ہے، جیسا کہ:

سندھي	ترجمہ
چا آهي؟	کیا ہے؟
آهي چا؟	ہے کیا؟
هيءُ چا آهي؟	یہ کیا ہے؟
هيءُ چو آيو آهي؟	یہ کیوں آیا ہے؟

(iv) ضمیر موصول:-

(الف) سندھی زبان میں ضمائر موصول 'جيئن'، 'جو'، اور 'جيڪو' ہیں۔ اور ضمائر کی طرح 'جو' اور 'جيڪو' بھی عدد، جنس اور حالت کے مطابق گردان کرتا ہے: مثال کے طور پر:

جملوں میں ضمیر موصول ہمیشہ پہلے آتا ہے؛ یعنی جملے ضمیر موصول سے شروع ہوتے ہیں، لیکن اسی جملے میں ضمیر جواب موصول بھی استعمال ہوگا، مثال کے طور پر:

سندھي	اردو	ترجمہ
جو پڙهندو **سو** ڪامياب ٿيندو۔	**جو** پڑہندو **سو** کامیاب تھیندو	جو پڑھیگا سو کامیاب ہوگا،
جيڪو پڙهندو **سو** ڪامياب ٿيندو	**جیکو** پڑہندو **سو** کامیاب تھیندو۔	جوکہ پڑھیگا سو کامیاب ہوگا۔

(ب) 'جو' اور 'جيڪو' ضمائر موصول کا گردان ملاحظہ فرمائیے۔ 'جيڪو' کا

حالت عام یا حالت تغیری میں کوئی استعمال نہیں ہوتا۔ حالت عام یا حالت اضافت میں 'جو' کا گردان یہ ہے:

	واحد مذکر		جمع مذکر	
حالت فاعلی	جو	جو	جي	
حالت عام یا حالت تغیری	جنهن کي	جس کو	جن کي	جن کو
	جنهن کان	جس سے	جن کان	جن سے
	جنهن ۾	جس میں	جن ۾	جن میں
	جنهن تي	جس پر	جن تي	جن پر
حالت اضافت	جنهن جو	جس کا	جن جو	جن کا
	جنهن جي	جس کی	جن جي	جن کی

(۷) ضمیر جواب موصول:-

(الف) سندھی زبان میں مذکر کے لیے 'سو' اور مؤنث کے لیے 'سا' ضمیر جواب موصول کے طور استعمال ہوتا ہے، اور ضمیر موصول 'جو' کے جواب میں اسی جملے میں استعمال ہوتا ہے، جیسا کہ:

سندھی	اردو	ترجمہ
جو چوري ڪندو، **سو** سزا کائيندو.	**جو** چوری کندو، **سو** سزا کھائیندو.	**جو** چوری کریگا سو سزا کھائیگا.
جو محنت ڪندو، **سو** ضرور ڪامياب ٿيندو.	**جو** محنت کندو، **سو** ضرور کامیاب تھیندو.	**جو** محنت کریگا سو ضرور کامیاب ہوگا.

(ب) سندھی زبان میں دوسرا لفظ 'تنهن' ہے جو ضمیر موصول 'جنهن' کے جواب میں، جواب موصول کے لیے مذکر اور مؤنث واحد کے لیے جملے میں استعمال ہوتا ہے؛ مثلاً:

سندھی	اردو	ترجمہ
جنهن محنت ڪئي، **تنهن** کي انعام مليو.	جنہن محنت کئی، تنہن کھے انعام ملیو.	جس نے محنت کی اس کو انعام ملا.

ضمیر جواب موصول 'تنهين' مذکر اور مؤنث واحد کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس کا دونوں جنسوں میں جمع 'تن' ہوتا ہے جو 'جين' کے ضمیر موصول کے جواب میں استعمال ہوتا ہے۔ 'تنهن' کا گردان 'جنهن' کی طرح ہوتا ہے، جو اوپر دیا گیا ہے۔

سندھی زبان میں کچھ ایسے ظرف بھی ہیں جو ضمیر موصول اور ضمیر جواب موصول کے طور استعمال کئے جاتے ہیں؛ مثلاً:

ضمیر موصول		ضمیر جواب موصول	
سندھی	ترجمہ	سندھی	ترجمہ
جھڙو	جیسا	تھڙو	ویسا
جيترو	جتنا	تيترو	اُتنا
جيئن	جیسے	تيئن	ویسے
جڏهن	جب	تڏهن	تب

(vi) ضمیر مشترک:-

سندھی زبان میں 'پاڻ'، پينڊ' و 'خود' الفاظ ضمیر مشترک ہیں، جو مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے واحد اور جمع میں استعمال ہوتا ہے، اس کا گردان اس طرح ہوتا ہے:

حالت	واحد			جمع		
	سندھی	اردو	ترجمہ	سندھی	اردو	ترجمہ
فاعلی	پاڻ	پانْ	خود	پاڻ	پانْ	خود
عام یا تفیری	پاڻ کي	پانْ کھے	خود کو	پاڻ کي	پانْ کھے	خود کو
	پاڻ کان	پانْ کھاں	خود سے	پاڻ کان	پانْ کھاں	خود سے

	سنڌي	اردو	ترجمہ	سنڌي	اردو	ترجمہ
عام یا تفیری	پاڻ ۾	پانٔ میں	خود میں	پاڻ ۾	پانٔ میں	خود میں
	پاڻ تي	پانٔ تے	خود پر	پاڻ تي	پانٔ تے	خود پر
اضافت	پاڻ جو	پانٔ جو	خود کا	پاڻ جو	پانٔ جو	خود کا
	پاڻ جي	پانٔ جی	خود کی	پاڻ جي	پانٔ جی	خود کی

(vii) ضمیر مبہم:-

مُبہم لفظ کا مطلب ہے جو واضح نہ ہو۔ سندھی زبان میں ضمیر مبہم 'کو' لفظ ہے۔ اس کی مؤنث صورت 'کا' ہے۔ عام حالت اور حالت اضافت کے گردان میں مؤنث اور مذکر کا فرق نمایاں نہیں ہوتا؛ البتہ جمع اور واحد کے گردان میں فرق نمایاں ہے؛ جیسا کہ:

	واحد		جمع	
	مذکر	مؤنث	مذکر	مؤنث
حالت فاعلي	ڪو (کوئی)	ڪا (کوئی)	ڪي (کوئی)	ڪي (کوئی)
حالت عام یا حالت تفیری	ڪنهن کي (کس کو)	ڪنهن کي (کس کو)	ڪن کي (کن کو)	ڪن کي (کن کو)
	ڪنهن ۾ (کس میں)	ڪنهن ۾ (کس میں)	ڪن ۾ (کن میں)	ڪن ۾ (کن میں)
حالت اضافت	ڪنهن جو (کس کا)	ڪنهن جو (کس کا)	ڪن جو (کن کا)	ڪن جو (کن کا)
	ڪنهن جي (کس کی)	ڪنهن جي (کس کی)	ڪن جي (کن کی)	ڪن جي (کن کی)

پانچواں سبق

صفت

(الف) سندھی زبان میں اردو کی طرح **صفت**، **موصوف** سے پہلے آتی ہے، مثلاً:

سندھي	اردو	ترجمہ
سٺو گھوڙو ڊوڙي ٿو.	سٹھو گھوڑو ڈوڑے تھو	اچھا گھوڑا دوڑتا ہے
سٺا گھوڙا ڊوڙن ٿا.	سٹھا گھوڑا ڈوڑن تھا	اچھے گھوڑے دوڑتے ہیں
سٺي گھوڙي ڊوڙي ٿي.	سٹھی گھوڑی ڈوڑے تھی	اچھی گھوڑی دوڑتی ہے
سٺيون گھوڙيون ڊوڙن ٿيون.	سٹھیوں گھوڑیوں ڈوڑن تھیوں	اچھی گھوڑیاں دوڑتی ہیں

اوپر دئیے ہوئے جملوں کے مطالعے کے بعد یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سندھی زبان میں صفتیں **موصوف** کے ساتھ عدد، جنس اور حالت کے مطابق گردان کرتی ہیں۔ اگر **موصوف** واحد میں ہے تو **موصوف** کے ساتھ ساتھ **صفت** بھی واحد میں ہوتی ہے، اگر **موصوف** جمع میں ہے تو **صفت** بھی جمع میں گردان کرتی ہے۔ اسی طرح اگر **موصوف مؤنث** واحد میں ہے تو **صفت** بھی واحد **مؤنث** کے ساتھ گردان کرتی ہے؛ اور اگر **موصوف مؤنث** میں جمع ہے تو **صفت** بھی مؤنث جمع کی صورت میں بدل جاتی ہے؛ مثال کے طور پر:

